# بچوں کی معمول کی ویکسین

ویکسین آپ کے بچے کو سنگین اور جان لیوا بیماریوں سے بچانے کا ایک اہم طریقہ ہے۔

## بچپن کی ویکسین کے فوائد

- ویکسینز ہر سال دنیا بھر میں 35 سے 50 لاکھ اموات کو روکتی ہیں اور کئی دہائیوں سے استعمال ہو رہی ہیں۔
- بچوں کی ویکسینز 15 ایسی بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتی ہیں جن سے ویکسین کے ذریعے بچا جا سکتا ہے۔
- بچوں کے ویکسینیشن شیڈول اس طرح ترتیب دیے جاتے ہیں کہ ابتدائی زندگی میں ہی مدافعت پیدا ہو جائے، تاکہ بچے سنگین اور ممکنہ طور پر جان لیوا بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں جن سے ویکسین کے ذریعے بچا جا سکتا ہے۔ کچھ ویکسینز کو زیادہ سے زیادہ تحفظ فراہم کرنے کے لئے ایک سے زیادہ خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ویکسین جسم کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد کرتی ہے۔

## ویکسین سیفٹی

- ویکسین لگوانا ان بیماریوں میں مبتلا ہونے سے کہیں زیادہ محفوظ ہے جن سے ویکسینز تحفظ فراہم کرتی ہیں۔
- کینیڈا میں استعمال سے پہلے تمام ویکسینز کو ایک جائزہ عمل سے گزارا جاتا ہے، جو ان کی حفاظت، مؤثریت اور معیار کا جائزہ لیتا ہے۔ ویکسینز کے استعمال کے بعد بھی ان کی حفاظت اور مؤثریت کی نگرانی جاری رہتی ہے۔
- ویکسین لگوانے کے بعد معمولی سائیڈ ایفیکٹس عام ہوتے ہیں۔ ان میں چڑچڑاپن، ہلکا بخار، معمولی درد، سوجن یا ویکسین لگنے کی جگہ پر لالی شامل ہو سکتی ہے. یہ سائیڈ ایفیکٹس عارضی ہیں اور باعث تشویش نہیں ہیں. یہ آپ کے بچے کے جسم کا مدافعتی ردِعمل پیدا کرنے کا عمل ہے، جو انہیں انفیکشن سے بچانے میں مدد دیتا ہے

## اگر آپ کے بچے کی کوئی ویکسین رہ گئی ہو

- اگر آپ اپنے بچے کے ویکسینیشن شیڈول سے پیچھے رہ گئے ہیں، تو پھر بھی آپ اسے مکمل کر سکتے ہیں۔ اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ کو اطلاع دیں تاکہ آپ مل کر ویکسینیشن شیڈول کو دوبارہ مکمل کر سکیں۔

**اگر آپ کے پاس ویکسینز کے بارے میں سوالات ہیں تو ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ سے بات کریں یا اس ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔ Canada.ca/childhood-vaccines**



© ہز میجسٹی دی کنگ ان رائٹ آف کینیڈا میں، جیسا کہ وزیر صحت، 2025 کی نمائندگی کرتے ہیں
Pub: 240948 | Cat: HP40-358/2025Urd-PDF | ISBN: 978-0-660-76170-1